



# El teu esforç compta!

# آپ کا عزم و ہمت بہت اہم ہے!

**Nous informes d'estrangeria per acreditar la integració i l'adequació de l'habitatge**

غیر ملکیوں کیلئے معاشرتی ہم آہنگی کی تصدیق اور حکومتی
شرائط کے مطابق رہائشی تصدیق کی نئی دستاویز






Generalitat de Catalunya
**Departament de Benestar Social i Família**


www.gencat.cat/benestarsocialifamilia/immigracio/estrangeria

اب کتلان حکومت جنرلیتات دے کتلو نیا سوشل آرائیگو کے حصول' عارضی ریذیڈنسی کی تجدید اور فیملی ویزہ کی درخواست دینے کیلئے رہائشی مناسب سہولیات کی دستاویز بنانے میں آپ کی مدد کرے گی

## نیا طریقہ کار کیوں؟

30 جون 2011ء سے غیر ملکیوں کیلئے قانون کے مطابق جنرلیتات دے کتلو نیا کو اس بات کا اختیار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر غیر ملکیوں بارے نئے ترمیمی قانون کے مطابق غیر ملکیوں کے حقوق و فرائض اور ان کی معاشرتی ہم آہنگی کیلئے سماجی بہبود اور خاندانی بھلائی کا ڈیپارٹمنٹ ہی مندرجہ ذیل دستاویز جاری کرنے کا مجاز ہے

- سوشل آرائیگو کے حصول کیلئے معاشرتی ہم آہنگی بارے دستاویز
- اپنے ملک سے اپنے اہل خانہ کا ویزہ کی درخواست دینے کیلئے مناسب رہائش بارے دستاویز
- عارضی ریذیڈنسی کی تجدید کیلئے آپ کی معاشرتی ہم آہنگی کی رپورٹ

اس کے علاوہ کتلان حکومت ریذیڈنسی کے بعد نیشنیلٹی کے حصول کیلئے معاشرتی ہم آہنگی کی رپورٹ بھی جاری کرنے کا مجاز ہوگی

غیر ملکیوں کیلئے جنہیں ان دستاویزات کی ضرورت ہے ان کی سہولت اور تیاری کیلئے کتلان حکومت' میونسپل کارپوریشنوں اور ان دفاتر کے ساتھ تعاون کرے گی جہاں درخواست جمع کرونا ہوگی۔ تمام ضروری کاغذات اور ان کے بارے رپورٹ مکمل کرنے کے بعد کتلان حکومت اس بارے اپنی رپورٹ تیار کرے گی اور انہیں وفاقی امیگریشن کے دفاتر میں بھجوائے گی جہاں ان کی درخواست پر غور ہوگا

وفاقی حکومت نے' کتلان حکومت اور مقامی کارپوریشنوں کے کردار کو فیملی ویزہ کی درخواستوں اور سوشل آرائیگو کے حصول میں بنیادی مشاہداتی اور فیصلہ کن تسلیم کیا ہے۔عارضی ریذیڈنسی کی تجدید کیلیئے اختیاری ہیں تاہم ریذیڈنسی کی تجدید کروانے والوں کیلیئے بہتر ہوگا جن کے پاس تمام ضروری دستاویز مکمل نہیں کہ وہ مشاہداتی رپورٹ کو ضرور ساتھ منسلک کریں

## سرکاری دستاویز کیلیئے درخواست دینا کیوں ضروری ہے؟

اپنے اہل خانہ کیلیئے ویزہ کی درخواست دینا
سوشل آرائیگو کے تحت عارضی ریذیڈنسی کیلیئے درخواست دینا
عارضی ریذیڈنسی کی تجدید کے وقت تمام ضروری دستاویز نہ ہونے کی صورت میں بھی اس رپورٹ کیلیئے درخواست دے سکتے ہیں
اس کے علاوہ کتلان حکومت ریذیڈنسی کے بعد نیشنیلٹی کے حصول کیلیئے معاشرتی ہم آہنگی کی رپورٹ بھی جاری کرنے کا مجاز ہوگی

## کتلونیا میں اپنی معاشرتی ہم آہنگی کو آپ کس طرح ثابت کر سکتے ہیں؟

اس سلسلے میں کتلان حکومت اس بات کا جائزہ لے گی
۔آپ کو کتلونیا کی دونوں سرکاری زبانوں کتلان اور کستیانو (وایئے آران میں رہنے والوں کیلیئے آران زبان) سے شناسائی ہے
۔مقامی معاشرے مارے اہم معلومات سے شناسائی (معاشرے میں مل جل کر رہنے کے اصول، بنیادی حقوق و فرائض، حکومتی ٹیکس، ملکی تاریخ اور اس کا تشخص وغیرہ

۔تلاش روزگار اور افرادی قوت بارے بنیادی معلومات (محنت کش مرد و خواتین کے حقوق و فرائض، مزدور تنظیموں کی اہمیت، سوشل سیکورٹی، اپنا کاروبار کرنا یا ملازمت وغیرہ

نئے آنے والے شہریوں کیلئے کتلان قانون کے مطابق ایک ایسی سروس کا اجرا کیا گیا ہے جس میں نو وارد شہریوں کو مندرجہ بالا تین شعبوں میں معلومات کی فراہمی کیلئے کورس کروائے جائیں گے۔ جو افراد اس کورس میں شرکت کریں گے انہیں باقاعدہ سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا جو غیر ملکیوں کیلئے دستاویز کی تیاری میں کام آسکے گا

تاہم جب تک نئے قوانین کو مکمل طور پر لاگو نہیں کیا جاتا اس وقت تک آپ پہلے سے قابل قبول دستاویز (کتلان لسانی کورس، نو وارد افراد کیلئے معلوماتی کورس، معاشی و سماجی دستاویز وغیرہ) پیش کر سکتے ہیں

## اس کیلئے کہاں جانا ہوگا؟

آپ کی آسانی کیلئے، آپ نے جہاں اپنی رہائشی رجسٹریشن یعنی پادرونا منتو کروا رکھی ہے آپ وہاں اپنی درخواست جمع کروائیں گے۔ اس طرح سے آپ کیلئے دفتری کاروائی آسان ہوگی اور دستاویز کے حصول میں بھی تیزی آئے گی

## نیا نظام کس طرح کام کرے گا؟

غیر ملکیوں کیلئے جنہیں ان دستاویزات کی ضرورت ہے ان کی سہولت کیلئے کتلان حکومت، میونسپل کارپوریشنوں اور وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کرتی ہے

سب سے پہلا کام اپنی متعلقہ کارپوریشن جہاں آپ کی رہائشی رجسٹریشن یعنی پادرونا منتو ہوئی ہے وہاں درخواست جمع کروانا ہوگی جو کتلان حکومت کو آپ کی درخواست بھجوانے کی ذمہ دار ہوگی۔ڈائریکٹر جنرل برائے امیگریشن کے سول رجسٹرار میں آپ کی درخواست کے اندارج کے ٹھیک 30 کام والے دن بعد کے بعد آپ کو منظور یا مسترد کا جواب دیا جائے گا

اس کے ساتھ ہی کتلان حکومت وافاقی حکومت کے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ میں دفتری کاروائی کا آغاز کردے گا جہاں سوشل آرائیگو' فیملی ویزہ اور عارضی ریذیڈنسی کی تجدید بارے باقاعدہ عمل کا آغاز ہوجائے گا

## مزید معلومات کیلیئے رابطہ کریں

- اپنی متعلقہ کارپوریشن یا علاقائی دیہی کونسل کے ساتھ
- امیگریشن ٹیلی فون 012 کے ساتھ
- ڈائریکٹر جنرل برائے امیگریشن کی ویب سائٹ
www.gencat.cat/benestarsocialifamilia/immigracio/estrangeria.
- کتلان حکومت کے ساجی بہبود وخاندانی بھلائی کے ڈیپارٹمنٹ
www.gencat.cat/benestarsocialifamilia/informacio.

012

www.gencat.cat

کنکشن کی قیمت 0.33 یورو کم از کم کال کی قیمت 0.087 یورو
کال کی قیمت فی سیکنڈ اور اس میں حکومتی ٹیکس شامل ہے

Generalitat de Catalunya
**Departament de Benestar Social i Família**

تعاون:

Associació Catalana de Municipis

Federació de Municipis de Catalunya